میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

منگل،4صفر،1439ھ 24/10/2017 نمبر:PN17073

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے امریکی راج کے خلاف مظاہرے کیے

ٹیلرسن کے دورہ پاکستان کا مقصد افغانستان میں امریکی صلیبیوں کو مصیبت سے نکالنا ہے

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے پاکستان کے حکمرانوں کی جانب سے امریکی سیکریٹری خارجہ کے دورہ پاکستان کو قبول کرنے، اس کو سفارتی پروٹوکول دینے اور اس کے نئے مطالبات کو قبول کرنے کے خلاف مظاہرے کیے۔ ٹیلرسن کا دورہ پاکستان ٹرمپ کے لیے انتہائی اہم ہے کیونکہ وہ افغان مسئلے کے ایسے حل کے تلاش میں ہے جس میں اس کی کوئی عزت اور بھرم رہ جائے اور اس حل کا حصہ طالبان کے ساتھ معاہدے کی کوشش ہے جس میں امریکہ کی موجودگی کو برقرار رکھنے کی اجازت ہو۔

ہمیشہ کی طرح ہمارے خطے میں امریکہ کے مفادات کو یقینی بنانے کی چابی پاکستان ہے، لہٰذا ٹرمپ پاکستان کی موجودہ فوجی و سیاسی قیادت کے تعاون پر انحصار کر رہا ہے بالکل ویسے ہی جیسے کہ اس سے قبل اوباما اور بش نے انحصار کیا تھا۔ امریکہ سات سمندر پار بیٹھ کر ہمارے خطے میں اپنے مفادات کے حصول کو کیسے یقینی بنا سکتا ہے جبکہ اس کی اپنی معیشت مفلوج، عالمی سطح پر اس کی عزت میں کمی اور اس کی فوج دل شکستہ اور تھک چکی ہے اور یہاں پاکستان جیسی طاقت موجود ہو جو اس کو چیلنج اور اس کی مخالفت بھی کر سکتی ہے؟ اگر امریکہ کو اس کے حال پر چھوڑ دیا جائے اور پاکستان کی جانب سے اسے کسی بھی قسم کی مدد فراہم نہ کی جائے تو امریکہ اپنے زور بازو پر افغانستان میں اپنی موجودگی کو 16 سال کیا 16 دہائیوں تک بھی کسی صورت مستقل نہیں کر سکتا۔ اس کا مقدر بھی برطانوی راج اور سوویت روس جیسا ہی ہو، مار کھایا ہوا، خون م خون اور زخموں سے چور، بے عزت ہو کر نکلے اور پھر کبھی واپس آنے کی ہمت نہ کرے بلکہ اس دن کو یاد کر کے افسوس کرے جب اس نے افغانستان کے پہاڑوں جیسے مضبوط مسلمانوں کے خلاف لڑنے کا فیصلہ کیا تھا۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان افواج پاکستان، انٹیلی جنس اور علماء میں موجود مخلص افراد سے یہ کہتی ہے کہ وہ حکمرانوں کی جانب سے افغان طالبان کو مذاکرات کی میز پر لانے کی کوششوں کو مکمل طور پر مسترد کر دیں۔ بلکہ اس کی جگہ ہونا یہ چاہیے کہ انہیں طالبان میں موجود اپنے بھائیوں کو یہ پیغام بھیجنا چاہیے کہ وہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ کیے ہوئے اپنے عہد پر مضبوطی سے کھڑے رہیں اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ، القوی اور العزیز کے اس فرمان پر عمل کریں:

فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُم

"پس تم بودے بن کر صلح کی درخواست پر نہ اتر آؤ جبکہ تم ہی بلند و غالب رہو گے، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے، ناممکن ہے کہ وہ تمہارے اعمال ضائع کر دے" (محمد:35)

اے افواج پاکستان کے مسلمانو! پاکستان کے پاس اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے کرم سے وہ وسائل موجود ہیں جو دنیا کی کئی بڑی طاقتوں کے برابر اور بعض معاملات میں توان سے بھی زیادہ ہیں۔ اس کے پاس وہ لوگ ہیں جو خلافت راشدہ کے وقت سے اسلام سے مخلص ہیں، جنہوں نے کامیابی یا شہادت کے حصول کے لیے اس سرزمین کو اپنے خون سے سیراب کیا ہے۔ اتنے عظیم وسائل رکھنے والی سرزمین اور اتنے زبردست لوگوں کے ساتھ یہ انتہائی ناانصافی ہو گی کہ انہیں کسی بھی صورت میں ٹرمپ کی خواہشات اور مقاصد کو پورا کرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔ آگے بڑھیے اور نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کو نصرۃ فراہم کریں تاکہ اس سرزمین اور اس کے لوگوں کی حقیقی صلاحیت کے مطابق طاقت حاصل کر سکیں، وہ طاقت جو سازشی امریکہ کے شیطانی منصوبوں کو ریزہ ریزہ کر دے گی۔

هَذَا بَلَاغٌ لِلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوا بِهِ وَلِيَعْلَمُوا أَنَّمَا هُوَ إِلَهٌ وَاحِدٌ وَلِيَذَّكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ

"یہ قرآن تمام لوگوں کے لیے اطلاع نامہ ہے کہ اس کے ذریعے ہوشیار کر دیے جائیں اور بخوبی معلوم کر لیں کہ اللہ ایک ہی معبود ہے اور تاکہ عقلمند لوگ سوچ سمجھ لیں"

(ابراہیم:52)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس